| | عنوان | دعائیں | دعا کا اردو ترجمہ | حوالے |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اللہ تعالیٰ کے نزدیک دو پسندیدہ کلمے | سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ | پاک ہے اللہ اپنی خوبیوں سمیت، پاک ہے اللہ بہت عظمت والا | صحیح بخاري:6682 |
| 2 | جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ | لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ | گناہ سے بچنے کی ہمت ہے نہ نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ ہی کی توفیق سے | صحیح بخاري:6409 |
| 3 | اذان کے بعد کی دعا | اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ | اے اللہ اس کامل دعوت اور قائم نماز کے رب! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما، اور انہیں مقام محمود پر پہنچا جس کا تونے ان سے وعدہ کیا ہے۔ | صحیح بخاري:614 |
| 4 | انشراح صدر کی دعا | رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي - وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي - وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي - يَفْقَهُوا قَوْلِي | اے میرے پروردگار! میرا سینہ میرے لئے کھول دے، اور میرے کام کو مجھ پر آسان کر دے، اور میری زبان کی گرہ بھی کھول دے، تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھ سکیں | سورۃ طہٰ:25-28 |
| 5 | سوتے وقت کی دعا | الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ | اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہمیں کھلایا، پلایا، (ہر طرح سے) کافی ہوا اور ہمیں ٹھکانا دیا۔ کتنے لوگ ہیں جن کا نہ کوئی کفایت کرنے والا ہے نہ ٹھکانہ دینے والا | صحیح مسلم:2715 |
| 6 | رات میں آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھے | لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ سُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ رَبِّ اغْفِرْ لِي<br>رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو رات میں بیدار ہو اور آنکھ کھلتے ہی یہ دعا پڑھے تو وہ بخش دیا جائے گا | اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے، اور اسی کے لیے حمد وثنا ہے، وہی ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اللہ ہی سب سے بڑا ہے، طاقت وقوت اللہ بلند وبرتر کی توفیق ہی سے ہے اے رب مجھ کو بخش دے | اسنادہ صحیح، سنن ابن ماجہ:3878 |
| 7 | نیند میں گھبراہٹ یا وحشت کے وقت کی دعا | أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ | میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل وجامع کلموں کے ذریعہ اللہ کے غضب، اللہ کے عذاب اور اللہ کے بندوں کے شر وفساد اور شیاطین کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ ہمارے پاس آئیں | اسنادہ حسن، سنن ترمذي:3528 |
| 8 | نظر بد سے بچاؤ کی دعا<br>بچوں کو اللہ کی پناہ میں دینے کی دعا | أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ | میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے | صحیح بخاري:3371 |
| 9 | نیا چاند (ہلال) دیکھنے کی دعا | اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ | اے اللہ! مبارک کر ہمیں یہ چاند، برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ، (اے چاند!) میرا اور تمہارا رب اللہ ہے | اسنادہ صحیح، سنن ترمذي:3451 |
| 10 | لباس پہنے کی دعا | اَلْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ<br>رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کپڑا پہنا پھر یہ دعا پڑھی تو اس کے اگلے اور پچھلے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے | تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا | اسنادہ صحیح، سنن ابي داؤد:4023 |
| 11 | نیا لباس پہنے کی دعا | اَللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ | "اے اللہ! سب تعریفیں تیرے لیے ہیں تونے ہی مجھے پہنایا ہے، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس کے لیے یہ کپڑا ابنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کی برائی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں | اسنادہ صحیح، سنن ابي داؤد:4020 |

| | عنوان | دعائیں | دعا کا اردو ترجمہ | حوالے |
|---|---|---|---|---|
| 12 | سواری پر سوار ہونے کی دعا | بِسْمِ اللَّهِ، اَلْحَمْدُ لِلَّهِ، سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّآ إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَلْحَمْدُ لِلَّهِ، اَلْحَمْدُ لِلَّهِ، اَلْحَمْدُ لِلَّهِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّآ أَنْتَ | اللہ تعالی کے نام سے، ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کے لئے ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اسے (سواری کو) ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اسے قابو میں کر لینے والے نہیں تھے۔ اور بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف واپس جانے والے ہیں۔ سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، سب تعریف اللہ ہی کے لئے۔ اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ! تو پاک ہے! یقینا میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے، پس تو مجھے معاف فرما دے، بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا | سورۃ الزخرف: 13,14<br>اسنادہ صحیح، سنن ابي داوٗد:2602 |
| 13 | سفر سے واپسی کی دعا | لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اٰئِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللَّهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ | اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ لوٹتے ہیں ہم توبہ کرتے ہوئے اپنے رب کی عبادت کرتے ہوئے اور حمد بیان کرتے ہوئے۔ اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، اپنے بندہ کی مدد کی اور تنہا تمام لشکر کو شکست دی۔ | صحیح بخاري:2995 |
| 14 | غم، بزدلی، سستی اور قرض سے نجات کی دعا | اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ | اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم والم سے، عاجزی سے، سستی سے، بزدلی سے، بخل، قرض چڑھ جانے اور لوگوں کے غلبہ سے | صحیح بخاري:6369 |
| 15 | مشکلات کے حل کی دعا | اللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلاً، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلاً | اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں ہے مگر وہی جسے تو آسان کر دے اور تو مشکل کام جب چاہے آسان کر دیتا ہے | السلسلة الصحيحة:3036 |
| 16 | مریض کی عیادت کے وقت کی دعا | اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ<br>نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان بندہ کسی ایسے مریض کی عیادت کرے جس کی موت کا ابھی وقت نہ ہوا ہو اور سات بار یہ دعا پڑھے تو ضرور اس کی شفاء ہو جاتی ہے | میں عظمت والے اللہ اور عظیم عرش کے مالک سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں اچھا کر دے | اسنادہ صحیح، سنن ترمذي:2083 |
| 17 | لوگوں کے شر سے ڈرے تو یہ دعا مانگے | اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ | اے اللہ! تو مجھے ان سے کافی ہو جا جس طرح تو چاہے | صحیح مسلم:7511 |
| 18 | جسے ایمان میں شک ہو وہ یہ پڑھے | آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ | میں اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا | صحیح مسلم:134 |
| 19 | جب کسی قوم سے خوف ہو تو یہ دعا مانگے | اللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ | اے اللہ! یقینا ہم تجھے ان کے بالمقابل کرتے ہیں اور ان کی برائیوں سے تیری پناہ طلب کرتے ہیں | اسنادہ صحیح، سنن ابي داوٗد:1537 |
| 20 | جسم میں تکلیف محسوس ہو تو کیا کہے | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھو اور تین 3 بار<br>بِاسْمِ اللّٰهِ<br>کہو، اس کے بعد سات 7 بار یہ کہو<br>أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ | اللہ تعالی کے نام سے<br>میں اللہ تعالی اور اس کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں، اس چیز کے شر سے جو میں محسوس کرتا ہوں اور جس کا اندیشہ ہے | صحیح مسلم:2202 |
| 21 | پریشانی دور کرنے کی دعا | لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ | الٰہی تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں میں سے ہو گیا | سورۃ الانبیاء:87 |